ایڑیوں کے لیے آگ کا عذاب ہے وضو اچھی طرح کیا کرو

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں : ہم اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم کے ساتھ مکہ سے مدینہ لوٹ رہے تھے راستہ میں پانی کے ایک چشمہ تک پہنچے، تو عصر کے وقت کچھ لوگوں نے بڑی جلد بازی دکھائی جلدی جلدی وضو کر لیا ہم پہنچے تو ان کی ایڑیاں چمک رہی تھیں ان کو پانی نے چھوا تک نہیں تھا لہذا اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا : "ایڑیوں کے لیے آگ کا عذاب ہے وضو اچھی طرح کیا کرو"

[صحیح] [متفق علیه]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم مکہ سے مدینہ کے سفر پر تھے ساتھ میں صحابہ بھی موجود تھے راستہ میں پانی ملا، تو کچھ صحابہ نے عصر کی نماز کے لیے اس طرح وضو کر لیا کہ صاف دکھ رہا تھا کہ ان کی ایڑیاں خشک ہیں ان تک پانی نہیں پہنچا ہے لہذا اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا : ایسے لوگوں کے لیے آگ کا عذاب اور ہلاکت ہے جو وضو کرتے وقت ایڑیوں کو دھونے میں کوتاہی کرتے ہیں اس کے ساتھ ہی آپ نے ان کو مکمل طور پر وضو کرنے کا حکم دیا

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/66392